سب سے پہلے بنیادی ذمہ داریوں کے سلسلے میں سینیٹ نے قانون سازی کا خاصا اچھا کام سرانجام دیا۔ ایوان کے ۱۴ اجلاس منعقد ہوئے اور ان اجلاسوں میں ۵۱ سرکاری بل زیر بحث آئے۔ جن میں مناسب بحث و تمحیص کے بعد ۴۸ بل منظور کئے گئے اور بقایا فنی وجوہات کی بنا پر زیر غور ہیں۔ قانون سازی کا ایک نمایاں پہلو نجی اراکین کے پیش کردہ غیر سرکاری بل تھے۔ جن میں نفاذِ شریعت، آزادیٔ تحریر و تقریر و اطلاعات کے بل خاص اہمیت کے حامل تھے۔ سرکاری بلوں میں آئین کا (آٹھواں ترمیمی) بل ۱۹۸۵ء سیاسی جماعتوں کے ایکٹ کا (ترمیمی) بل ۱۹۸۵ء۔ مقدمات کی فوری سماعت کا بل ۱۹۸۷ء اور آئین کا (نواں ترمیمی) بل ۱۹۸۶ء خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آخرالذکر بل کا مقصد قرآن و سنت کو اعلیٰ ترین قانون اور قانون سازی کا منبع قرار دینا ہے اور انتظامی اقدامات و حکمت عملی وضع کرنے کے لئے سرچشمہ ہدایت۔

قانون سازی کے علاوہ سینیٹ نے پہلی مرتبہ اپنے ہی قواعد ضابطہ کار و انصرام کارروائی مرتب کئے۔ اور پارلیمانی کمیٹیوں کے نظام کو از سر نو تشکیل دیا۔ توقع ہے کہ یہ نیا نظام کمیٹیوں کو زیادہ فعال بنانے اور ان کی افادیت میں اضافے کا موجب بنے گا۔ اس سلسلہ میں سب سے اہم اقدام دو نئی کمیٹیوں کا قیام ہے۔ ان میں سے ایک اس مقصد کے لئے قائم کی گئی ہے کہ ہمہ وقت کم ترقی یافتہ علاقوں

کے مسائل پر توجہ مرکوز رکھنے اور دوسری اس غرض سے ہے کہ حکومت کی یقین دہانیوں اور ایوان میں کئے جانے والے وعدوں پر عملدرآمد کی نگرانی کرتی رہے۔ کمیٹیوں کا یہ نیا ہمہ گیر نظام سینیٹ کے اغراض و مقاصد کے حصول میں وفاق کی آواز اور وفاق کے ترجمان ہونے کی حیثیت سے جو اس کی بنیادی ذمہ داری ہے، ایک مؤثر کردار ادا کر سکے گا۔

اس کارکردگی میں جس کا میں نے ابھی ذکر کیا۔ ہم سب برابر کے شریک ہیں اور یہ ہم سب کا مشترکہ سرمایہ ہے اس پر ہمارے ریٹائر ہونے والے ساتھی اتنا ہی فخر کر سکتے ہیں جتنا ان کے دیگر رفقاء اس کارکردگی کے ایک پہلو کی جھلک آپ کو رولنگز کے اس مجموعہ میں ملے گی جو ایک جامع کتاب کی شکل میں چھاپ کر پچھلے دنوں آپ کو تقسیم کی جا چکی ہے اس میں آپ اپنی ذاتی کارروائی کا عکس بھی پائیں گے اور ان ایام کا جن میں ہم شریک سفر رہے ہیں ایک یادگار بھی۔ یہ مجموعہ ان تمام آئینی مسائل اور سینکڑوں نکات کا احاطہ کئے ہوئے ہے جو آپ حضرات نے سینیٹ کے پہلے دو سال کے دوران آئین اور رولز کی ترجمانی کرتے ہوئے اٹھائے مجھے یقین ہے کہ آپ کی یہ کارکردگی آپ کے بعد آنے والے ممبران کی رہنمائی اور ایوان کی آئندہ کارروائی میں ممد و معاون ثابت ہوگی۔ آخر میں میں اپنے ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کی خدمت میں عرض کروں گا کہ سینیٹ سے ریٹائرمنٹ، زندگی سے ریٹائرمنٹ کے مترادف نہیں ہے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
زمیں اور بھی آسماں اور بھی ہیں

میں امید کرتا ہوں کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کی بنا پر آئندہ بھی سیاسی و سماجی اور ملکی امور میں اپنی ان بے لوث خدمات کی روایت کو جاری رکھیں گے جس کا ثبوت انہوں نے سینیٹ کی کارروائی کے دوران فراہم کیا۔

خدا آپ کو خوش و خرم اور اپنی امان میں رکھے

<u>پروفیسر خورشید احمد</u>: جناب چیئرمین! ہم آپ کے بہت ممنون ہیں کہ آپ نے اس سال کے اس آخری اجلاس میں لے کر اپنے بڑے اہم خیالات کا اظہار کیا ہے اور ان کے ذریعے ایک بڑی اچھی روایت قائم کی ہے کہ سینیٹ کے اس دور کے اختتام پر ہم خود بھی اپنا جائزہ لیں اور خاص طور پر ہمارے وہ ساتھی جو آئندہ سیشن میں ہمارے ساتھ نہیں ہوں گے۔ ان کی خدمات کا ہم بھرپور اعتراف کریں۔ میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے بڑی اچھی روایت قائم کی ہے میں خود اس پر سوچ رہا تھا۔ میری چند اور ساتھیوں سے گفتگو بھی ہوئی تھی۔ لیکن آپ نے جو لیا ہے وہ ہمارے لئے بہت حوصلہ افزا ہے لیکن میں آپ کی اجازت سے یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں اور حقیقت یہ ہے کہ جہاں سینیٹ نے ایک اعلیٰ معیار اور کارکردگی کا مظاہرہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

کیا ہے اور ملک میں سیاسی نظام کو بہتر بنانے ، دستور کو … کرنے ، ملک میں معاشی اور دوسری پالیسی سازی کی سطح کو بہتر کرنے میں اپنی حد تک بڑے مفید مشورے بڑے اچھے خیالات پیش کئے ہیں اور اہم ریزولیوشنز یہاں آئے ہیں وہیں میں اپنے اس احساس کو بھی پیش کرنا چاہتا ہوں کہ خود آپ نے بحیثیت اس ادارے کے چیئرمین جو اہم خدمات انجام دی ہیں ان کا اعتراف نہ کرنا ناسپاسی ہوگا اس لئے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جب آپ کا انتخاب بحیثیت چیئرمین ہوا تھا تو میں نے یہ بات کہی تھی کہ یہ انتخاب جہاں آپ کے شانوں پہ ایک بہت بڑی نئی ذمہ داری ڈال رہا ہے ۔ وہیں یہ آپ کے لئے ایک بہت بڑی آزمائش بھی ہے اور ان تین سالوں پر جب میں نگاہ ڈالتا ہوں تو باوجود اس بات کے آپ کے چند فیصلوں کے بارے میں مجھے … رہی ہیں لیکن میں یہ کہنے میں کوئی باک محسوس نہیں کرتا کہ آپ نے علمی دیانت ، بالغ نظری اور جس نوعیت کی قیادت کی اس ایوان کو ضرورت تھی اس کو فراہم کرنے میں ایک بڑی روشن مثال قائم کی ہے ۔ حزب اختلاف سے تعلق رکھنے کے باوجود میں کھلے دل سے اس بات کا اعتراف کرتا ہوں اور آج میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے اس ایوان کے وقار کو بلند کرنے میں ایک مثبت کردار ادا کیا ہے اور یہ توقع رکھتا ہوں کہ آئندہ بھی یہ ایوان اسی انداز میں کام کرنے کی کوشش کرے گا اور آپ کا تعاون اور رہنمائی ہمیں حاصل رہے گی ۔ شکریہ !

**جناب چیئرمین** : شکریہ ! جناب میرداد خیل صاحب ۔

**جناب عبدالرحیم میرداد خیل** : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، جناب چیئرمین ! میں آپ کا بہت ہی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھ جیسے غریب اور مزدور شخص کو یہ سعادت بخشی اور مجھے فخر ہے کہ آپ جیسے تجربہ کار اور نہایت مدبر انسان کی صدارت میں میں نے یہاں تین سال گذارے اور مجھے اس بات پر بھی فخر ہے کہ آپ سے میں نے بہت کچھ سیکھا ۔ آپ کے اچھے الفاظ اور اچھی نصیحتیں میرے لئے قابل قدر ہیں اور ہمیشہ میں اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا رہوں گا ۔ جناب چیئرمین ! میں اپنے قائد وزیر اعظم محمد خان جونیجو صاحب کا بھی شکر گذار ہوں اس لئے کہ وہ اس ایوان کے قائد تھے ۔

جناب چیئرمین ! میں حزب اختلاف سے تعلق رکھتا تھا تو جمہوری دور میں جہاں جمہوریت ہوتی ہے وہاں حکمران جماعت اور حزب اختلاف لازم ملزوم ہوتی ہیں اور جمہوریت میں حکمرانوں کے سامنے حزب اختلاف ایک چہرے کی دوسری آنکھ ہوتی ہے ۔ ہماری تنقید برائے مخالفت نہیں ہے اور نہ تھی بلکہ ہماری تنقید برائے تعمیر رہی ہے اور انشاء اللہ ہم ہمیشہ اسی طرح ہر نیک کام میں مثبت تعاون کریں گے ۔ اور ہر برا کام ان کے گوش گذار کریں گے کہ اپنے ان عزائم سے باز آجائیں ۔ اس ہاؤس میں بھی ہماری حق کی یہی آواز ہوگی اور اس حق کی آواز کو یہاں بھی بلند کرتے رہیں گے ۔ اور باہر بھی بلند کرتے رہیں گے

جناب والا! میں اپنے ان اراکین کا تہ دل سے اس لئے شکر گذار ہوں کہ میں نے ہمیشہ اس ایوان میں مظلوم عوام کے مسائل کو پیش کیا اور ان ممبران نے نہایت ہی تسلی سے مجھے سُنا اور صبر و تحمل اور بُردباری سے کام لیا۔ میں ان کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے بہت اچھے انداز میں میری رہنمائی کی اور میرا ساتھ دیا۔

جناب چیئرمین! میں نے حکومت سے آج تک کوئی مراعات نہیں لی ہیں اور نہ کوئی ثابت کر سکتا ہے

جناب والا! میں کوئی مراعات لینے نہیں آیا تھا بلکہ میں عوام کو مراعات دلوانے کے لئے آیا تھا اور مجھ سے جتنا بھی ہو سکا وہ مراعات میں نے، اس ہاؤس کے ریکارڈ پر ہے، عوام کو دلائی ہیں جس کا میں نے وعدہ کیا تھا۔ اس لئے میں نے ذاتی طور پر اپنے لئے کوئی وعدہ اور مراعات نہیں لی ہیں۔ میں نے عوام کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی ہے اور انہیں مراعات دلانے کی بھرپور کوشش کی ہے یہ الگ بات ہے کہ ہم اس پوزیشن میں نہیں تھے کہ ہر چیز ان کو مہیا کر سکتے کیونکہ ہمارے ہاتھ میں زمامِ اقتدار نہیں تھی لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم ہمیشہ حزب اختلاف میں ہی رہیں گے۔ بلکہ انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب اس ملک میں ایک اسلامی انقلاب برپا ہوگا تو ہر مظلوم کی فریاد سے پہلے اس کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ یہی اسلام ہمیں سکھاتا ہے۔

جناب چیئرمین! آخر میں، میں پھر یہی کہوں گا کہ،

سبق پھر پڑھ شجاعت کا، عدالت کا، صداقت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دُنیا کی امامت کا

جناب چیئرمین: جناب حسین بخش بنگلزئی۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے اپنے ان اکیس معزز رفقاء سینیٹ کو جن کی مدت منصبی عرصہ تین سال کے بعد ۲۰ مارچ کو ختم ہو رہی ہے، خراجِ تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! روز و شب کے بدلنے کا دوسرا نام زندگی ہے، ہر لمحہ ماضی بنتا ہے اور تاریخ کا روپ دھار لیتا ہے۔ زندگی میں محرک انسان اپنے نیک اعمال سے تاریخ کے اوراق میں روشن باب کا اضافہ کرتے ہیں اور تاریخ اپنے اوراق میں ایسے منور ناموں پر فخر کرتی ہے۔

حضور والا! ملک کی سیاسی تاریخ کے اس کٹھن دور میں جو پچھلے تین سالوں پر محیط ہے ہمارے ان معزز رفقاء کار نے بہترین سیاسی بصیرت اور تدبر سے تاریخ کا رُخ موڑ کر اسے جمہوریت کی راہ پر لگایا ہے ایوان بالا کے وقار کو قائم رکھا ہے مثالی بحثوں میں حصہ لے کر اپنے مدبرانہ خیالات اور تجاویز سے بذریعہ پارلیمنٹ، قوم و ملک کو آگاہ کیا ہے۔ ہمارے معزز رفقاء میں سے وہ تین نام انمٹ ہو گئے ہیں جنہوں نے دار الفنا سے دار البقا کی طرف کوچ کیا۔ حاجی عمر خان، نواب راحت سعید چھتاری اور مرزا محمد احمد کے اسمائے گرامی:

[Mir Hussain Bakhsh Bangalzai]

پارلیمنٹ کی روشن تاریخ کا حصہ ہیں۔ خدا انہیں غریقِ رحمت کرے

جناب چیئرمین! ایک مدبر اور باشعور انسان ہر حیثیت میں اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ ہمارے وہ رفقائے گرامی جناب پارلیمنٹ کے ممبر نہیں رہیں گے اپنے معاشرے میں ایک فعال کردار ادا کریں گے۔ جمہوریت کو فروغ دیں گے۔ ملک و قوم کے استحکام اور ترقی و خوشحالی کے لئے اپنے مدبرانہ خیالات و افکار سے قوم و ملک کی رہنمائی فرمائیں گے۔ اس لئے کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضرور ان کا motto ہوگا۔

موج ایم کہ آسودگیٔ ما ادب ماست

ما زندہ ازیں ایم کہ آرام نگیریم

میں ان الفاظ کے ساتھ ان کی خوشحالی، صحت اور درازیٔ عمر کے لئے نیک تمناؤں کا خواہشمند ہوں۔

## Farewell to Outgoing Senators

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: Mr. Chairman. I am thankful to you for giving me this opportunity. No doubt, parting days are always very sad, but, in many cases, we part to meet again. Sir, I would first of all commend the manner and the dignity with which you have conducted the proceedings of this House during this period of the first three years which has ended the term of some of our brothers.Those of us who are not in the government party i.e our opposition on certain issues, you will agree, has been a constructive opposition; it has not been an opposition for the sake of opposition. We have been guided by you and I must say that your decisions though, of course, we may not agree with a few of them and this disagreement is an essence of democracy but the dignity with which you have conducted this House has not made us feel during the course of proceedings that there is any difference between the government stalwarts and the independent Members sitting otherwise. You have very kindly given us the printed book of the rulings during this course. The fact that the opposition or the independents have adopted a very independent role and tried to perform their duties of keeping the government on the rails is very evident when three days back after a privilege motion was moved by me and my colleagues Maulana Kausar Niazi pointing out the defects in the Presidential Order about the elections to this august House from Islamabad and as a consequence of that the government immediately came out with an amending order respecting the points pointed out in this House. This Sir, is a great achievement and it shows that the House is performing its duties in pointing out lapses on the part of the government.

Sir, though we have started the committee system, but I must admit that we have not progressed satisfactorily in that direction. We need to enforce the committee system as was emphasized even during the Address of the President to the joint sitting of the Parliament at the beginning of the current year of Parliament. We must make this system a success and, *Insha-Allah*, it will mean a success of Parliament and the general atmosphere in the country.

Sir, the greatest achievement of this House has been the framing of its Rules of Procedure and Conduct of Business which, with the grace of Almighty *Allah* and mainly through your efforts, was passed during this year. We were functioning under the Rules of Procedure of 1973 and you and our colleagues had endeavoured by working hard to give this House its own Rules of Procedure in a democratic manner. No doubt, there may be certain lapses but being a flexible piece of law, I am sure, when experience will show that it needs rectification in certain places, it would be done. I, being one of the members of that committee, know the efforts that you had made and the anxiety which you shared with us in seeing that this House before any of us retired on account of the expiry of his term were enforced and thank God we did do that.

Sir, our colleagues who are now finishing their term I must, on behalf of this Senate, thank them for the cooperation they gave to this House by their knowledge and their power of delivery and debate. Sir, they have contributed a lot to this House and I am proud to say that in this term of three years never was there any incident in this House of which we would have to hang our heads down in shame. We are proud of the way in which the business of this House has been conducted by you and each one of the Members of this House. They always have our good wishes who are leaving us but at this stage I would request you that those colleagues of us who retire should be given entry passes to be able to move freely in this Parliament House and not to stand outside. This I think Sir,you will kindly lay down as a precedent in return for the good service that they have rendered. In fact through you I would also request the government where retired officials are using VIP facilities at the airports, our ex-Senators may also be given this facility so that they should not suddenly be made to stay out.

With these words Sir, I thank you once again and before concluding I would request that since the session is coming to an end and we have not been able to have elections to the new committees and a vacuum would not be desirables, I would request you to give your ruling on this point and allow the committee that are functioning under the old rules to continue till we form new committees. So that the work of the House is not held up. Thank you.

**Mr. Chairman**: That was done in the last sitting with the consent of the House. Nawabzada Jehangir Shah Jogezai.

**نوابزادہ جہانگیر شاہ** : جناب چیئرمین! میں نے کبھی کسی کے سامنے اس کی تعریف نہیں کی۔ لیکن آج مجبور ہوں۔ اگر نہ کروں تو میں سمجھوں گا کہ میں نے حقیقت سے چشم پوشی کی ہے۔ اس ایوان میں سب سے بڑی خوش قسمتی یہ رہی کہ ہمیں ایوان کا قائد ایک مخلص، دیانت دار اور قائدانہ صلاحیتوں کا مالک ملا۔ اور سینیٹ کا چیئرمین ایک تجربہ کار، دیانت دار اور صاحب مشوروں کی قوت رکھنے والا ملا۔ اور ہم نے اس کی guidance

[Nawabzada Jehangir Shah]

میں خاصی پیش رفت کی۔ بعض چیزوں کا قسمت سے تعلق ہوتا ہے بعض کا بصیرت اور واقعات سے تعلق ہوتا ہے چونکہ واقعات کا تعلق اور قسمت کا تعلق اس طرح سے ہوتا ہے کہ ہر چیز بغیر کسی پروگرام کے کسی انسان کو ملتی ہے۔ وہ انسان کی خوش قسمتی ہوتی ہے ۴۰ سال قبل جب میں نے ۱۹۴۶ء میں کانگریس کے خلاف الیکشن لڑا۔ وہ بھی ایک قبائلی فیصلہ تھا۔ اگر کانگریس جیت جاتی تو پاکستان کی کوئی شکل و صورت نہ ہوتی اور اگر قلات میں شیخ عمر خان نہ ہوتا تو شاید قلات پاکستان میں شامل نہ ہوتا تو اس وقت سے پاکستان کے ساتھ ایک تصور رہے کہ پاکستان کو ہم ایک کالونی نظام کے تحت چلاتے رہیں گے۔ بدقسمتی سے ایسے واقعات ہوتے رہے لیکن ۴۰ سال کے بعد آج ہمیں یہ موقع ملا کہ یہاں پر جمہوری طریقے سے خیالات کا اظہار ہو۔ اگر دلچسپی لی گئی تو انشاءاللہ تعالےٰ جیسا کہ آپ کو تین سال اور ہمارے ساتھ رہنا ہے اور مجھے بھی تین سال رہنا ہے تو باقی ماندہ کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے حتی المقدور کوشش کریں گے۔ ملک کو نہ صرف اچھا نظام دیں گے بلکہ اس کو ایک اچھی فلاحی مملکت بنائیں گے اور تمام فرسودہ قوانین کو ختم کریں گے۔

مجھے یہاں پر سب سے زیادہ افسوس شیخ عمر کا ہوتا ہے یہ نہیں کہ وہ پارلیمنٹرین اچھا تھا بلکہ اس لئے کہ پاکستان کے لئے کام کی بنیاد رکھنے والا وہ تھا اس کو ignore کرنے سے مجھے سخت تکلیف ہوتی ہے دوسرے برہان الدین صاحب ہیں چونکہ میں گلگت میں پولیٹیکل ایجنٹ رہا ہوں اس لئے جانتا ہوں کہ اس شخص نے وہ مجاہدانہ کوششیں کی ہیں جو میرے ذہن پر آج تک نقش ہیں۔ میرداد خیل ایک مزدور لیڈر ہے مگر اس میں سچائی، خلوص، دیانت داری اور سچائی ہے اور جس مقصد کے لئے اس نے اس ہاؤس میں جو بھی کوششیں کی ہیں میں تو ان سے بہت متاثر ہوں۔ میں یہ نہیں سمجھتا کہ حکومت کا ساتھی کون ہے اور مخالف کون ہے میں صرف یہ سمجھتا ہوں کہ حق اور صحیح بات کون کہتا ہے اس کا ہمیں ساتھ لازمی دینا ہے پھر حزب اختلاف کا ہونا بھی لازمی ہے کیونکہ یہ ایک ایسا آئینہ ہوتا ہے جو گدلا بھی ہو سکتا ہے اور صاف و شفاف بھی۔ اگر صاف ہو تو پھر حکومت اپنی غلطیوں کا ازالہ کر سکتی ہے۔ در حکومت اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔ میں اس کو دشمن نہیں سمجھتا دوست سمجھتا ہوں

جناب عالی! امان روم میرے ساتھ بیٹھتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہمسائیگی تھی، تعلق تھا۔ نوابزادہ عنایت صاحب بھی میرے ساتھ بیٹھتے تھے۔ ان کے جانے کا مجھے افسوس ہے لیکن ممکن ہے کہ وہ کامیاب ہو جائے کیونکہ اس کا الیکشن ابھی باقی ہے۔ ہم سب حضرات کے لئے جو ہم سے جدا ہو رہے ہیں دعا گو ہیں۔ ہمارا ساتھ نہ صرف سینیٹ کے ساتھ ہے بلکہ ایک پاکستانی اور مسلمان ہونے کے ناتے سے ہر وقت ہماری ذمہ داری پکارتی رہے گی اور ہم ہر پکار کے ساتھ ہیں۔ خلوص دل کے ساتھ پاکستان کی تعمیر و ترقی کی کوشش کریں گے۔ اگر خدانخواستہ اس ملک پر کوئی مصیبت آجائے تو ہم اپنی جان فدا کریں گے ویسے ہم چھپے نشانہ باز ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ہر پاکستانی کو وطن کے ساتھ محبت ہوگی لیکن اس کے ساتھ خلوص اور کوشش درکار ہے۔ میں ان الفاظ

کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ! جناب شیخ عمر خان صاحب۔

شیخ عمر خان: جناب چیئرمین! جیسا کہ میرے ساتھی حزب اختلاف کے لیڈر پروفیسر خورشید احمد صاحب نے آپ کے متعلق فرمایا کہ آپ ہمارے نہایت ہی شفیق رہنما تھے اور ہر قدم پر ہماری راہنمائی کی۔ آپ نے نہ صرف ملازمت میں رہ کر بلکہ ایک پاکستانی کی حیثیت سے جو مشاہدہ اور تجربہ حاصل کیا ہے۔ اس کی صحیح نمائندگی آپ نے اس سینیٹ میں کی ہے جس کے لئے ہم آپ کے بہت ہی ممنون و مشکور ہیں۔ ہمارے ڈپٹی چیئرمین صاحب بڑے مخلص اور محسن آدمی ہیں۔ ان کے اور سیکرٹری کے اور تمام سینیٹ کے ہم شکر گذار ہیں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ بہت ہی اچھا اور نہایت ہمدردانہ سلوک کیا اور ہماری رہنمائی کی۔ ہر سوال پر ہر بات پر ہمیں بتاتے رہے اس لئے ہم آپ کے شکر گذار ہیں۔

جناب ایک چیئرمین ریکارڈ میں ضرور لانا چاہوں گا اس لئے کہ آپ نے مجھے اجازت دی ہے۔ میں ۱۹۴۷ء سے مسلم لیگ میں ہوں۔ (میں آپ کے توسط سے اپنی صحافی برادری کو بھی کہتا ہوں کہ وہ اس بات کو ضرور نوٹ فرمائیں) اور آج تک میں نے اپنی پارٹی سے روگردانی نہیں کی۔ اسے نہیں چھوڑا اور ہر قدم پر اس کا ساتھ دیا۔ میں وزیراعظم صاحب کا بہت ممنون ہوں کہ انہوں نے ہر وقت مجھے شفقت کی نگاہ سے دیکھا۔ میں صدر مملکت کا نہایت ہی ممنون ہوں کہ ان کے کہنے پر میں اس سینیٹ میں آیا اور آج میں اپنے تین سال پورے کر کے اپنے علاقے میں واپس جاؤں گا خدا مجھے توفیق دے کہ جب تک میں زندہ رہوں، اپنے ملک کی خدمت اسی طرح کروں۔

جناب والا! میں مسلم لیگی کی حیثیت سے ویسٹ پاکستان اسمبلی کا ممبر بنا تھا پھر بھٹو صاحب کے دور میں میں سینیٹ میں تھا۔ گو میں سینیٹر تھا لیکن میں فخر سے یہ کہتا ہوں کہ میں نے مسلم لیگ کو نہیں چھوڑا تھا جب بھٹو نے مجھ سے کہا کہ آپ کیوں پیپلز پارٹی میں نہیں آتے۔ میں نے کہا میں نہیں آنا چاہتا اگر آپ خان عبدالقیوم خان کو بحیثیت وزیر کے قبول کر سکتے ہیں اور اگر مجھ سے تمہارا کوئی تعلق ہے یا تمہیں میری کوئی پہچان ہے یا تم یہ محسوس کرتے ہو کہ میں آپ کا ساتھ دوں تو میں مسلم لیگ کی سیٹ پر آؤں گا آپ اپنے ممبران کو کہیں کہ مجھے ووٹ دیں۔ پھر انہوں نے ایسا کیا اور میں سینیٹ کا رکن بنا۔

اب کی دفعہ بھی یہی حالت ہوئی۔ مجھے سینیٹ کے ریکارڈ کے لیے ضرور کچھ عرض کرنا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے چیف منسٹر بلوچستان نے میری ذاتی مخالفت کی اور انہوں نے یہ باور کرایا کہ میں دوبارہ نہ آؤں جیسا کہ میرے دوسرے ساتھی آئے تھے اور بہت ہی زور لگایا۔ یہاں تک کہ میں نے سنا ہے کہ اس نے وزیراعظم صاحب کی خدمت میں استعفیٰ بھی پیش کیا کہ یا مجھے رکھو یا شیخ عمر کو لے لو۔ مجھے اس بات کا کوئی غم نہیں کیونکہ

[Shaikh Umer Khan]

میں دو مرتبہ سینیٹ میں آیا ہوں اس سے پہلے ویسٹ پاکستان میں رہا اور اب تریسٹھ سال کی عمر ہے۔ زندگی میں یہ ضروری نہیں ہے کہ ہماری تمام زندگی صوبائی اور قومی اسمبلی میں گذر جائے۔ ہم اپنے گھر میں بیٹھ کر بھی ملک کی خدمت کر سکتے ہیں لیکن صرف اتنا مجھے عرض کرنے دیجئے کہ جناب بلوچستان میں چھ ڈویژنز ہیں۔ چھ ڈویژنز کے حساب سے انیس سیٹیں ہیں اس حساب سے مکران جیسے بڑے ڈویژن کو آبادی کے لحاظ سے تین سیٹیں ملنی چاہیئے تھیں اس سے پہلے ہم دو ممبر تھے میں اور جناب اسحاق صاحب۔ اسحاق صاحب ٹیکنوکریٹ تھے گوادر سے اور میں جنرل سیٹ سے تھا۔ ہمارے چیف منسٹر صاحب کی ضد اور دشمنی کی وجہ سے، چلو انہوں نے مجھے تو ہٹا دیا لیکن وہ مسلم لیگ اور پاکستان کے مارے آ تین تو لا سکتے تھے وہ موسمی بیٹر بھی لا سکتے تھے جس طرح کہ وہ کرتے چلے آئے ہیں، مجھے وہ نہ لیتے۔ لیکن میرے علاقے کو تو کم از کم نظر انداز نہ کرتے۔ مکران ایک اہم علاقہ ہے جہاں بندرگاہ بھی ہے اہمیت بھی اس کی زیادہ ہے۔ رقبے کے لحاظ سے بھی وہ زیادہ ہے۔ اس نقطۂ نظر سے مجھے اختلاف ہے کہ ہماری تین نشستوں کو ختم کر کے صرف میرے اس بھائی کو سیٹ دی اور اگر یہ بھی تین سال کے اس draw میں آتے تو مجھے یقین ہے کہ ان کو بھی نہ ملتی۔ مکران محروم ہی ہو جاتا۔ میں ان الفاظ کے ساتھ جناب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جناب فضل آغا صاحب۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! آپ کے اتنے تفصیلی بیان کے بعد جس میں آپ نے سینیٹ کی پچھلی تین سالہ کارروائی پر روشنی ڈالی میں سمجھتا ہوں کہ اس بارے میں مزید کچھ کہنے کے لئے ہمارے پاس کچھ رہا نہیں۔ لیکن پچھلے تین سال میں آپ کے علم و فراست سے ہم نے فائدہ اٹھایا ہے۔ آپ ہمارے لئے ایک استاد اور والد کی طرح شفیق ثابت ہوئے ہیں۔ ہم نے آپ کے اقوال اور فیصلوں سے بہت سبق سیکھا ہے اور ہماری آئندہ زندگی کے لئے یہ مشعل راہ رہے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ سینیٹ اور اس فورم کو جس ڈسپلن اور خوبصورت طریقے سے آپ نے چلایا جس میں کورم ٹوٹنے کے مواقع بھی بہت کم پیش آئے ہیں، اس کا سہرا آپ کے سر جاتا ہے۔ اس لئے کہ آپ نے اپنی حیثیت ہمارے ممبران کے ساتھ ایک بڑے بھائی یا جو میری عمر کے ہیں، میں سمجھتا ہوں والد کی سی حیثیت بنا رکھی ہے جس کی وجہ سے ہماری آنکھوں میں آپ کے لئے ذاتی طور پر احترام و حیا بھی ہے ہم نے اس ہاؤس کو بہت اور باوقار ادارہ سمجھ کر اپنے تمام ساتھیوں کا ساتھ دیا۔ ہم نے اسے چلایا ہے۔ جہاں تک ہمارے معزز اراکین کا تعلق ہے ہم جس وقت اس فورم کے لئے الیکٹ ہوئے تھے اس وقت کہا جا رہا تھا کہ اس ملک میں نہ کوئی ڈسپلن ہے اور نہ کوئی سیاسی پارٹی ہے اور یہ حکومت collapse ہو جائے گی اور یہ چند دن کی مہمان ہے۔ میں اس سلسلے میں تمام اراکین کو مبارک باد دیتا

ہوں کہ انہوں نے آپس میں مل جل کر اس ڈسپلن کو ایسے maintain کیا اور ہاؤس کو اتنے محتاط طریقے سے چلایا کہ اب تین سال کے بعد ہمارے جو جانے والے بھائی ہیں اور جو ہمیں بہت محترم اور عزیز بھی ہیں ہم ان کی جدائی کو بڑے افسوس کے ساتھ برداشت کریں گے یہ اس ڈسپلن کا نتیجہ ہے کہ چاہے ہمارے بھائی اپوزیشن میں رہے یا گورنمنٹ میں رہے لیکن مل جل کر رہے ہیں۔ سب ساتھیوں نے اس حکومت کی اور پاکستان کی خدمت، بقا اور ترقی کے لئے محنت اور کوشش کی اور اپنی اپنی آراء اور علم و دانش اور تجربے کی بنا پر اس ہاؤس میں خدمات سرانجام دینے کی کوشش کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ساتھی ہم سے جدا ہو رہے ہیں وہ صرف اس ہاؤس سے باہر جا رہے ہیں لیکن سیاسی زندگی کی یہ life time game ہے اگر آپ نے ملک و قوم اور معاشرے کی خدمت کرنی ہے جو صرف سینٹ اور نیشنل اسمبلی کے فورم سے ضروری نہیں ہے بلکہ جو حضرات اور ہمارے ساتھی اس ہاؤس سے باہر تشریف لے جا رہے ہیں اور وہ آئندہ ہمارے ساتھ اس ہاؤس میں نہیں ہوں گے میری توقع ہے کہ وہ اس ہاؤس سے باہر بھی اس قوم اور اس پاکستان کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیتے رہیں گے۔ اور ہمیں اپنے بھائیوں کی طرح، عزیزوں کی طرح ہر وقت اپنے قریب پائیں گے۔ میری دعا ہے کہ وہ آئندہ اپنی زندگی میں کامیاب و کامران رہیں اور ہم سے ان کا رشتہ نزدیک رہے۔ شکریہ جناب!

**جناب چیئرمین**: جناب شہزادہ برہان الدین صاحب۔

**مجاہد برہان الدین خان**: جناب عالی! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ سب سے پہلے میں صاف الفاظ میں اور صداقت سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر پاکستان میں اس وقت کوئی لائق ترین انسان ہے تو وہ آپ ہیں مگر ساتھ ساتھ میں یہ دعا بھی کروں گا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو یہ توفیق دے کہ آپ ان خوبیوں کو اسلامی قانون اور قومی زبان کو اس ملک میں رائج کرنے کے لئے صرف کریں تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں ہمیشہ آپ کے اوپر رحمتیں بھیجیں۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں مجاہد ہوں اور مجاہد کا کام جدوجہد کرنا ہے۔ میری صرف ایک جدوجہد ہے کہ اپنی زندگی میں اس ملک میں قومی زبان اور اسلامی قانون لا سکوں۔ اس کے لئے میں ہمیشہ جدوجہد کرتا رہوں گا۔ ابھی میں جانے میں خوش ہوں۔ میں خوشی سے جا رہا ہوں میں نے اللہ تعالیٰ بھی گواہ ہے اور لوگ بھی گواہ ہیں کہ کبھی بھی اپنے ضمیر کی آواز کو نہیں دبایا۔ میں نے ہمیشہ اپنے ضمیر کی آواز آپ کے لوگوں کے سامنے پیش کی ہے۔ ہم نے اتنے مسلمانوں کا ہندوستان میں جو خون کرایا ہے وہ خون کس لئے کرایا تھا اس لئے کہ اپنے ملک میں ہم اپنی قومی زبان رائج کریں۔ اپنے ملک میں اسلامی قانون بنائیں لیکن میں بہت افسوس سے کہتا ہوں کہ ہم نے اس میں بہت کوتاہی سے کام لیا ہے اور ہم نے ابھی تک اپنا فرض ادا نہیں کیا ہے۔ ہم نے لوگوں کے ساتھ اور اسلام کے ساتھ دھوکا کیا ہے۔ میں آپ لوگوں سے عرض کرتا ہوں کہ ہم سب مل کر اس کے لئے جدوجہد کریں۔ میں اپنے بھائی

[Mujahid Burhanuddin Khan]

نوابزادہ جوگیزئی صاحب کا جو الفاظ انہوں نے میرے لئے استعمال کئے ہیں، شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں اپنے تمام بھائیوں سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں ایک مجاہد ہوں۔ مجاہد رہوں گا اور انشاءاللہ العزیز اپنی آنکھوں سے اس ملک میں اسلامی قانون اور اردو زبان رائج ہوتا دیکھوں گا۔ اور اللہ تعالیٰ اتنی دیر تک مجھے یقین ہے اپنی امانت کو بھی مجھ سے واپس نہیں لے گا۔ مجھے اللہ تعالیٰ پر اتنا یقین ہے اور اس یقین کے ساتھ میں آپ لوگوں کا، اپنے بھائیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ لوگوں نے آج تک ہمارے ساتھ ہر بات میں تعاون کیا۔ اور آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ مہربانی کرکے اسلام کے نافذ کرنے میں اور قومی زبان کے رائج کرنے میں کوتاہی نہ کریں اور اسی میں ہم لوگوں کے اور ملک کے وقار کا سوال ہے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب ذوالفقار علی چشتی۔

جناب ذوالفقار علی چشتی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! اس سے پہلے کہ میں آپ کا شکریہ ادا کروں میں دو باتیں پیش خدمت کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! میں بطور طالب علم ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ میں شامل ہوا اور طالب علم کی حیثیت سے انتخابات میں حصہ لیا۔ جہاں کہیں بھی ہم گئے وہاں پر ہم نے لوگوں کو یہ بتلایا کہ پاکستان کا مطلب کیا ہے۔ یہ تاریخ میں اس لئے دہرا رہا ہوں کہ جس مقصد کے لئے ہم یہاں حاضر ہوئے تھے وہ ہم پورا نہیں کر سکے۔ میں بھاری دل سے کہتا ہوں کہ قرارداد مقاصد کو ۱۹۵۶ء کے آئین اور ۱۹۷۳ء کے آئین میں ہم نے ملحوظ نہ رکھا۔ ۱۹۷۷ء میں نفاذ شریعت کے لئے ہم نے جلوس نکالے۔ جیلیں دیکھیں اور جب یہاں پر ہم آئے تو ہمیں یہ بتلایا گیا۔ کہ پانچ نکاتی پروگرام کے تحت نفاذ شریعت پہلے کریں گے۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ تین سال کے عرصے میں ہم نے کچھ بھی نہیں کیا۔ میں بھاری دل سے اپنے قائد کی خدمت میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ پتہ نہیں کل کیا ہو۔ نفاذ شریعت کے لئے سب سے پہلے قدم اٹھائیے۔ تاکہ آپ کا وقار اور بلند ہو۔

دوسری بات جو میں محسوس کرتا ہوں وہ جناب والا! یہ ہے کہ یہاں صوبہ پرستی کو چند لوگ ہوا دیتے ہیں۔ یہ بات ایوان بالا میں نہیں ہونی چاہیئے اگر کوئی صوبہ غلط کام کر رہا ہے تو اس کے متعلق کمیشن بٹھائیے۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب موجود ہیں ہمارے بزرگ غلام فاروق خاں صاحب بیٹھے ہیں جناب مزاج عزیز صاحب بیٹھے ہیں۔ یہ جائزہ لیں کہ کون سا صوبہ استحصال کر رہا ہے اگر کوئی صوبہ استحصال کر رہا ہے تو اس سے وہ استحصال ختم کرایا جائے نہ کہ اسے گالیاں دی جائیں۔

اس کے بعد جناب والا! میں اپنے ساتھیوں کے جذبات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس طریقے پر وہ

ہمیں الوداع کہہ رہے ہیں اور آپ کا خصوصی طور پر کیوں کہ جس محنت، لگن، دیانت اور قابلیت سے اس ہاؤس کو آپ نے چلایا ہے وہ آپ کا ہی حصہ ہے۔ آپ کی رولنگز اور آپ کے احکامات ہمارے لئے مشعل راہ رہیں گے آپ ہمیشہ ہمارے ساتھ شفقت سے پیش آئے ہیں اور ہم جب کبھی بھی آپ کے پاس حاضر خدمت ہوئے ہیں تو آپ نے ہمیشہ مربیانہ رویہ اختیار کیا۔ جناب ملک محمد علی خان صاحب نے بھی ہمارے ساتھ برادرانہ سلوک اختیار کیا۔ اور یہاں پر اگر میں حزب اختلاف کا ذکر نہ کروں تو زیادتی ہو گی۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب کی مدلل تقریریں۔ جناب قاضی حسین احمد صاحب کی نفاذِ شریعت کے لئے لگن۔ جناب قاضی حسین احمد اور جناب سمیع الحق صاحب نے جس محنت اور لگن سے نفاذ شریعت کے لئے کام کیا ہے میرے دل میں ہمیشہ ان کے لئے پیار و محبت کے جذبات برقرار رہیں گے جناب احمد میاں سومرو نے جمہوریت کے لئے ہمیشہ لگن سے کام کیا۔ جناب حسین بخش بنگلزئی۔ جناب حسن اے شیخ۔ شاہ محمد خان صاحب یہ تمام دوست قابل احترام ہیں اور جناب محمد علی خان صاحب کی متانت اور دیانت داری سے جو کام ہوا وہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اور میں آخر میں پھر جناب والا! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ ہمارے ساتھ ہمیشہ محبت اور شفقت سے پیش آئے۔

**Mr. Chairman**: Mr. Akram Sultan.

**Haji Akram Sultan**: Thank you, Mr. Chairman.

I have been particularly requested by the retiring Senators from Sind to express a few words on my behalf and on their behalf to thank your goodself as well as your Secretariat, also the colleagues who are the sitting members and those who are now retiring. I would try to give my personal impression of the three years that I spent over here particularly under your able guidance and the decisions and rulings from time to time given by you which indeed gave a sense of respect and an integrity to this honourable House and I am indeed very pleased to see that this is being given to us in the form of this book. Sir, we in the Senate have come from all walks of life and I personally come from the business community of Pakistan and Sir, allow me to admit here, that I have learnt tremendously by having spent these three years in this honourable House while we sit outside we are not able to appreciate why certain economic decisions are not taken or processed and why does such a time consuming factor is involved? I am now able to better explain to my brothers outside this House the proceedings of the Senate, the difficulties of the treasury

[Haji Akram Sultan]

benches and also the valuable contributions which are made by the independent opposition gentlemen who constructively contribute to the development in all sectors by opposing the views particularly not opposing for the sake of opposition but constructively being critical, particularly, I take this opportunity to mention the name of Prof. Khurshid Ahmed who is an indeed a known economist and of course, my friend, Mr. Javed Jabbar who was my friend even before he came to the Senate and I have all along expressed to him and never hesitated to admit that he is indeed contributing in the larger interests of all our Senate members and we welcome his valuable views.

Sir, of course, the way our honourable Prime Minister has been a guide to this House and to the other House and the way he has brought us to this level of democracy I only pray to God that he may be guided so that he is able to achieve democracy in the real sense. Because I personally feel that our salvation lies in democracy and in democracy, lies accountability and the accountability for all. Therefore, I sincerely pray and I hope that all my friends would join me that his hands are strengthened so that he is continuously able to move the cause of democracy as far as possible.

Sir, lastly, I may mention here only to recall, in the Joint sitting when the policy of foreign affairs was being discussed, I requested the Speaker there to let me speak on the economic well-being of the common man and after hundreds gentlemen having spoken, he was very kind to give me a few moments. Sir, these are my impressions I would like to convey to this honourable House that while we are concentrating in all important areas of progress I would like to emphasize that the economic well-being of the common man is the basic pursuit we ought to pursue and for that Mr. Chairman, I humbly suggest that unless we produce good healthy respectable citizens we will not be able to achieve any results in any directions and here I would like to suggest Sir, that from my stand point our citizen's health is priority No.1 and education is priority No.2. A healthy body will produce a healthy mind and to employ that mind we need industrialization and Sir, with the combination of these three we will achieve the economic strength which is today the weapon in the world and no more the oil weapon or any other weapon. It is the economic strength by which nations dictate the other nations. I thank you very much Mr. Chairman.

**Mr. Chairman**: Thank you. Aman-i-Room Sahib.

**Mr. Aman-i-Room**: Thank you Mr. Chairman. Sir, I would like to thank you for all your guidance and affection that you have shown towards me and all in the House and all my colleagues who have shown great love and affection towards me and extended their full cooperation to me. I thank them all for all that they have done for us. I would also like to place on record my gratitude and thanks to the Deputy Chairman and to

the Leader of our House and our Deputy Leader who was officiating as Leader of the House for most of the time Mr. Muhammad Ali khan Hoti. And I would also like to thank the staff for showing all courtesies and extending all cooperation to all of us during our stay here in the Senate.

However Sir, before I conclude I would like to place on record my anxiety about certain matters which are particularly agitating the minds in the smaller provinces and I hope keeping the national interest in mind our colleagues would not overlook the interests of our smaller provinces and I would like to mention the problem of Kalabagh Dam and the apportionment of water and last of all I would like to place on record the lack of employment opportunities in the Malakand Division in general and Swat in particular. In this connection there is hardly any pace of development as for as industries is concerned in those areas and our people perforce have to leave their homes and go to places far away as far as Karachi, Middle East to earn their bread and butter. I hope our friends here and the government will keep this in mind and try to help our backward areas and ensure that people are able to earn their bread in their own homes.

Last of all I would like to thank all our colleagues who are sitting behind who have said very nice words as farewell for us and in that connection I would particularly thank Nawabzada Jehangir Shah Jogezai being my neighbour and a kind elder. Thank you very much Sir.

**Mr. Chairman**: Thank you. Muhammad Ali Khan Sahib.

جناب محمد علی خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب!
آج وزیر اعظم صاحب کی یہ خواہش تھی کہ وہ اس اجلاس میں شرکت فرمائے اور جانے والے سینیٹر صاحبان کو الوداع کہتے لیکن سنگاپور کے وزیر اعظم کے آنے کی وجہ سے ان کی مصروفیات بڑھ گئی ہیں لہٰذا آج وہ ایسا کرنے سے قاصر رہے ہیں بہر حال ان کی نیک تمنائیں جانے والے سینیٹر حضرات کے ساتھ ہیں۔ جناب والا! یہ ایک کلیہ ہے کہ ہر چیز کی دنیا میں ابتدا ہوتی ہے۔ اور ہر ابتدا کے ساتھ انتہا لگی ہوتی ہے چنانچہ ہر چیز جو پیدا ہوتی ہے وہ آخر ختم ہونے والی ہوتی ہے۔ یہی حال الیکشن کا ہے۔ ممبران الیکٹ ہو کر سینیٹ میں آجاتے ہیں اب کل کی بات تھی کہ سٹیٹ بنک کی بلڈنگ میں انہوں نے احلاف وفاداری اٹھائے اور آج یوں لگتا ہے کہ وہ تین سال ایک لمحہ بھر میں گذر گئے۔

جناب والا! اگر ہم پیچھے مڑ کر دیکھیں کہ ان تین سالوں میں ہم نے کیا کیا تو یقیناً سب کو

[Mr. Muhammad Ali Khan]

اس بات کا احساس ہوگا اور ہم سب کو خوشی ہوگی کہ بہت حد تک جو کام ہمارے سپرد کیا گیا تھا آپ کی رہنمائی میں ہم نے اسے سرانجام دینے کی کوشش کی۔ جناب والا! یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمیں آپ جیسے چیئرمین ملے ہیں۔ جنہوں نے نہ صرف ان sessions کو preside کیا بلکہ ہمیں ساتھ ساتھ گائیڈ بھی کیا اور ہماری رہنمائی بھی فرماتے گئے۔ مجھے ایک واقعہ یاد ہے۔ یہاں پہلے دنوں میں اخباروں کے کچھ جرنلسٹ آئے تھے اغلباً کراچی کے تھے ایک جرنلسٹ نے دوسرے سے پوچھا کہ بھئی آپ نے سینیٹ کے ایک دو اجلاس دیکھے آپ نے کیا تاثر لیا تو ان میں سے ایک نے کہا کہ سارے سلجھے ہوئے لوگ ہیں میں نے انہیں کہا کہ ٹھیک ہے سلجھے ہوئے ہیں لیکن جو سب سے اوپر بیٹھے ہیں اس سب سلجھاؤ کا انحصار انہی کی ذات کے ساتھ ہے۔ جناب والا! یہ یقیناً ہماری خوش قسمتی تھی کہ ہم نے آپ کے ساتھ کام کیا اور اس کام کے دوران ہم نے جو قوم کی خدمت کی اس میں ہم نے آپ سے بہت کچھ سیکھا۔ اسی طرح سٹاف کے ممبران نے بھی اپنا کام بخوبی سرانجام دیا اور آج تک کسی کو ان سے کسی قسم کی شکایت نہیں ملی۔

جناب والا! جہاں تک جانے والے ممبران کا تعلق ہے ان کے ساتھ ہمارے بہت اچھے دن گذرے۔ بہت اچھا وقت گذرا اور یہاں جس طرح اور جگہ جدا جدا پارٹیاں ہوتی ہیں گروپ ہوتے ہیں۔ سینیٹ میں یہ گروپ بندی نہیں تھی اگر کسی نے اپوزیشن کی خاطر کچھ تنقید کی تو میں سمجھتا ہوں وہ بالکل تعمیری تھی۔ وہ تنقید برائے تنقید نہیں تھی اور اس کو سب نے خوش دلی کے ساتھ اپنایا اور بعض ایسی چیزیں تھیں کہ آپ نے خود ان کے حق میں رولنگز بھی دیں جن سے یہ معلوم ہوا کہ آپ نے کس سیجنر صحیح انداز میں اس کارروائی کو سرانجام دیا۔ جناب والا! جہاں تک کام کا تعلق ہے تو رولز آف پروسیجرز کے علاوہ ہم نے یہاں آئین کا نواں ترمیمی بل پاس کیا اور اس کے ساتھ ہم نے ملک میں نفاذ شریعت کی راہ ہموار کی اگر بعض ممبران صاحبان نے یہ فرمایا کہ آج تک ہم نے کچھ نہیں کیا تو میں ان کی خدمت میں صرف یہی عرض کر دینا کافی سمجھتا ہوں کہ آئین کا نواں ترمیمی بل ایک بہت بڑی چیز تھی اس کو آپ نے یکسوئی کے ساتھ اور خلوص نیت کے ساتھ پاس کیا یہ آپ کا ایک بہترین ریکارڈ ہے جو قوم کے سامنے ہے۔ جناب والا! اس دوران میں

ہم سے کچھ lapses بھی ہوئی ہوں گی۔ انسان سے غلطیاں ہوتی رہتی ہیں۔

الانسان مرکب الخطاء والنسیان

یہ بھی ایک کلیہ ہے لیکن عام طور پر اگر دیکھا جائے تو lapses کم اور کام زیادہ، اچھا اور قابل قدر کام اس سینیٹ کے ممبران نے کیا ہے۔ جہاں تک جانے والے حضرات کا تعلق ہے ان سب کے ساتھ ہمارے بہت برادرانہ تعلقات ہیں اور اگر میں ایک کا نام لوں تو دوسرا ناراض ہو جائے گا۔ دوسرے کا نام لوں تو تیسرا۔ مجھے پشتو کا ایک شعر یاد آیا ہے ہمارے ہاں پرانے زمانے میں رات کے وقت محفلیں ہوا کرتی تھیں اور گویے پشاور سے آتے تھے تو اخیر میں وہ یہ کہا کرتے تھے۔

(پشتو) اگر میں ایک کی صفت کروں تو باقی گلہ کریں گے۔ موجودہ خواتین جتنے بھی میرے سامنے بیٹھے ہیں وہ سب پھول ہی پھول ہیں، یہ جتنے بھی حضرات تھے جو ہمارے ساتھ تھے۔ جواب ہم سے رخصت ہو رہے ہیں، یہ صرف یہیں سے رخصت ہوں گے اس ملک سے رخصت نہیں ہو رہے ہیں ملک کی سیاست سے رخصت نہیں ہو رہے ہیں، اور ملک کی خدمت سے یہ رخصت نہیں ہو رہے ہیں اور مجھے توقع ہے کہ اگر یہ ہاؤس کے ممبرز نہ بھی رہیں گے تب بھی یہ اپنے ملک و قوم کی خدمت کریں گے جس طرح کہ انہوں نے یہاں اس ہاؤس میں خدمت کی ہے۔

ہم سب ان کے لئے دعا کرتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ ان کو مزید توفیق بخشے کہ وہ قوم و ملک کی خدمت کریں اپنے لئے اور اپنی قوم کے لئے نام پیدا کریں۔

**Mr. Chairman**: There was one last item standing in the name of Professor Khurshid Ahmed Sahib.

اس کے چار محرک تھے ان میں سے تین ویسے بھی آج موجود نہیں ہیں اور وقت بھی کافی ہو گیا ہے میرے خیال میں اس تحریک التوا پہ جو دو گھنٹے یا ڈیڑھ گھنٹہ تقریباً ہونا تھی، وہ کسی اور دن کے لئے مؤخر کرتے ہیں۔

The House is adjourned to meet again on 21st March, 1988 at 10.00 A.M.

---

[The House adjourned to meet again at 10 'O' clock in the morning on Saturday, March 21, 1988.].

---

* * * * * * * * *